# نظامت فاصلاتی تعلیم

# Directorate of Distance Education

# تفویضات

## بی۔اے،اردو،سالِ اول (فاصلاتی طرزِ تعلیم)

**2019-2020 (Academic batch)**


مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

گچی باؤلی، حیدرآباد-500032

Maulana Azad National Urdu University

Gachibowli,Hyderabad-500032

# پہلا پرچہ: تاریخِ ادب اردو (دکنی دور تا ترقی پسند تحریک)

## مفوضہ کام: 1 (اکائی 1 تا اکائی 6)

## (Assignment No.1)

**Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )**

**حصہ (الف) تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔ ((5x2=10**

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. ہندوستان کی تہذیب و تمدن کی بنیاد کس نے رکھی؟ (     )

(الف) عرب (ب) نگریٹو (ج) دراوڑ (د) آریا

2. ہندوستان کو آریاؤں کی سب سے بڑی دین کیا تھی؟ (     )

(الف) زبان (ب) کلچر (ج) زراعت (د) عقیدہ

3. بدھ مذہب کی تبلیغ کے لیے کس زبان کو ذریعہ بنایا گیا؟ (     )

(الف) پالی (ب) سنسکرت (ج) پراکرت (د) اپ بھرنش

4. 'عرب و ہند کے تعلقات' کس کی کتاب ہے؟ (     )

(الف) محمود شیرانی (ب) مسعود حسین خاں (ج) محی الدین قادری زور (د) سلیمان ندوی

5. 'ستیارتھ پرکاش' کے حوالے سے بتائیں کی مہابھارت کی جنگ میں درونا چاریہ اور یدھشٹر نے سنسکرت کے علاوہ کس زبان کا استعمال کیا؟ (     )

(الف) اردو (ب) ہندی (ج) فارسی (د) عربی

**Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )**

**حصہ (ب) دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔ ((2x5=10**

1. پراکرت اور ان کی اقسام پر نوٹ لکھیے؟
2. اردو کا تعلق مغربی ہندی کی کن بولیوں سے ہے؟ بیان کیجیے؟
3. عرب اسلامی تہذیب کے نشو و نما میں ہندوستانی علما و فضلا کے کردار پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔
4. لکھنؤ کے سیاسی استحکام نے کس طرح ادب کی راہیں ہموار کیں؟

**Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )**

**حصہ (ج) کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔ ((1x10=10**

1. اردو زبان کی ابتدا و ارتقا کے بارے میں ڈاکٹر محی الدین قادری زور کے نظریے کا جائزہ لیجیے۔
2. محمود شیرانی نے پنجابی اور دکنی اردو کی کن مشترک خصوصیات کا ذکر کیا ہے؟
3. شمالی ہند میں اردو ادب کے تہذیبی و سماجی پس منظر پر روشنی ڈالیے۔

## مفوضہ کام:2(اکائی 7 تا اکائی 13)
## (Assignment No.2)

**Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )**

حصہ(الف)تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔((5x2=10

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. اردو نثر کا پہلا ادبی کارنامہ کسے سمجھا جاتا ہے؟ (    )

(الف)سب رس (ب)نوسرہار (ج)مثنوی کدم راؤ پدم راؤ (د)ارشاد نامہ

2. امیر خسرو کس صوفی کے مرید تھے؟ (    )

(الف)حضرت نظام الدین اولیا (ب)شیخ شرف الدین یحییٰ منیری (ج)خواجہ بختیار کاکی (د)نصیر الدین محمود چراغ دہلی

3. طویل نظم 'ارشاد نامہ' کس کی تصنیف ہے؟ (    )

(الف) میراں جی شمس العشاق (ب)سید شاہ اشرف بیابانی (ج)سید عبداللہ حسینی (د) شاہ برہان الدین جانم

4. مثنوی 'خوب ترنگ' کے مصنف کون ہیں؟ (    )

(الف) شاہ برہان الدین جانم (ب) خوب محمد چشتی (ج) شیخ بہاء الدین باجن (د)شاہ علی محمد جیوگام دھنی

5. مغلیہ حکومت کے آخری بادشاہ کا نام بتائیں۔ (    )

(الف)بہادر شاہ ظفر (ب)عالم گیر ثانی (ج)شاہ عالم ثانی (د)اورنگ زیب

**Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )**

حصہ(ب)دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔((2x5=10

1. مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کے مرکزی کرداروں پر مختصر نوٹ لکھیے۔
2. حضرت امیر خسرو کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔
3. سراج اورنگ آبادی کی شاعری پر مختصر نوٹ لکھیے۔
4. دبستان دہلی اور دبستانِ لکھنؤ کی شاعری میں فرق واضح کیجیے۔

**Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )**

حصہ(ج)کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔((1x10=10

1. قطب شاہی دور کی ادبی خدمات پر اظہار خیال کیجیے۔
2. تصوف کی تعریف، تشریح اور صوفیا کی خصوصیات بیان کیجیے۔
3. غالب کی شاعری کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ پیش کیجیے۔

## مفوضہ کام:3(اکائی14 تا اکائی20)
## (Assignment No.3)

**Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )**

حصہ(الف)تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔((5x2=10

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. 'آثار الصنادید' کتاب کس موضوع پر ہے؟ (    )

(الف)سیرت (ب)مذہب (ج)سیاست (د)تاریخ

2. 'عجائب القصص' کس کی تصنیف ہے؟ (    )

(الف)شاہ عالم ثانی (ب)مہر چند کھتری (ج)عطا حسین تحسین (د)نواب عیسوی خاں

3. اردو نشاۃ الثانیہ کی تحریک کس تحریک کو سمجھا جاتا ہے؟ (    )

(الف) جدیدیت (ب)علی گڑھ تحریک (ج)رومانی تحریک (د)ترقی پسند تحریک

4. کس کی تجویز پر1832ء میں اردو سرکاری زبان قرار دی گئی؟ (    )

(الف)لارڈ ویلزلی (ب)گل کرسٹ (ج)جوزف ٹیلر (د)میکالے

5. کس شاعر نے شاعری کو الفاظ کی مرصع سازی کا فن مانا ہے؟ (    )

(الف)مصحفی (ب)ناسخ (ج)انشا (د)آتش

**Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )**

حصہ(ب)دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔((2x5=10

1. ترقی پسند تحریک کے باقاعدہ آغاز سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
2. دبستانِ لکھنؤ کے معروف شعرا کا تعارف کرائیے۔
3. علی گڑھ تحریک کے زیرِ اثر اردو تنقید میں کیا تبدیلی رونما ہوئی؟
4. ترقی پسند تحریک سے متاثر افسانہ نگاروں کا محاسبہ کیجیے۔

**Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )**

حصہ(ج)کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔((1x10=10

1. شمالی ہند میں اُردو نثر کے ابتدائی نقوش سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
2. فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔
3. علی گڑھ تحریک کا پس منظر بیان کیجیے۔